This question paper contains 3 printed pages]

Roll No. [ ]

S. No. of Question Paper : **1647**

Unique Paper Code : **214202** **D**

Name of the Paper : **V (*ii*) Study of Medieval Prose**

Name of the Course : **B.A. (H) Urdu**

Semester : **II**

Duration : **3 Hours** Maximum Marks : **75**

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

نوٹ : کل پانچ سوالوں کے جواب لکھئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے :

(الف)

''جب صبح ہوئی اور آفتاب دو نیزے بلند ہوا، تب میری آنکھ کھلی، تو دیکھا میں نے، نہ وہ تیاری ہے، نہ وہ مجلس، نہ وہ پری۔ فقط خالی حویلی پڑی ہے، مگر ایک کونے میں کمبل لپٹا ہوا دھرا ہے۔ جو اس کو کھول کر دیکھا تو وہ جوان اور اس کی رنڈی، دونوں سر کٹے پڑے ہیں۔ یہ حالت دیکھتے ہی حواس جاتے رہے۔ عقل کچھ کام نہیں کرتی کہ یہ کیا ہے اور کیا ہوا ؟ حیرانی سے ہر طرف تک رہا تھا۔ اتنے میں ایک خواجہ سرا نظر پڑا۔ فقیر کو اس کے دیکھنے

سے تسلی ہوئی، احوال اس واردات کا پوچھا۔ اس نے جواب دیا: تجھے اس بات کی تحقیق کرنے سے کیا حاصل، جو تو پوچھتا ہے؟ میں نے اپنے دل میں غور کی کہ سچ تو کہتا ہے۔''

(ب)

''پس اے میرے عزیز ہم وطنو! جب تم کسی کے بر خلاف کوئی بات کہنی چاہو یا کسی بات کی تردید کرنے کا ارادہ کرو تو خوش اخلاقی اور تہذیب کو ہاتھ سے مت دو اگر ایک ہی مجلس میں دو بدو بات چیت کرتے ہو تو اور بھی زیادہ نرمی اختیار کرو۔ چہرہ، لہجہ، آواز، وضع، لفظ اس طرح پر رکھو جس سے تہذیب اور شرافت ظاہر ہو، مگر بناوٹ بھی نہ پائی جاوے۔ تردیدی گفتگو کے ساتھ ہمیشہ سادگی سے معذرت کے الفاظ استعمال کرو، مثلاً یہ کہ میری سمجھ میں نہیں آتا یا شاید مجھے دھوکا ہوا یا میں غلط سمجھا، گو بات تو عجیب ہے، مگر آپ کے فرمانے سے باور کرتا ہوں۔''

۲۔ میرامن کی نثر نگاری کا جائزہ لیجئے۔

۳۔ مولانا محمد حسین آزاد کے اسلوبِ نگارش کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۴۔ آبِ حیات میں آزاد نے غالب کی شاعری کے کن پہلوؤں کا جائزہ لیا ہے؟ لکھئے۔

۵۔ سرسید احمد خان کی نثری خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

۶۔ سرسید احمد خان اپنے مضمون ''اپنی مدد آپ'' میں کیا درس دینا چاہتے ہیں؟ لکھئے۔

۷۔ حالی نے ''مقدمہء شعر و شاعری'' میں شعر کی ہیئت میں کن چیزوں کو لازمی قرار دیا ہے؟ بیان کیجئے۔

۸۔ حالی نے ''نیچرل شاعری'' سے کیا مراد لیا ہے؟ تحریر کیجئے۔

۹۔ ''سیر پہلے درویش کی'' کا خلاصہ لکھئے۔